پریس ریلیز

گوجرانوالہ 09 دسمبر 2022ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عادل ندیم کی وفد کے ہمراہ جاپان کا دورہ۔ جبکہ جاپان میں تعینات پاکستانی سفیر رضا بشیر اور کمرشل ٹریڈ قونصلر طاہر حبیب چیمہ نے نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر عادل ندیم کی سربراہی میں گئے وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ وفد میں نعمان ندیم، نبیل ریاض، ابوبکر آئی پروفیسر شامل تھے۔ پاکستانی سفیر رضا بشیر تارڑ نے کہا کہ گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کیلئے جاپان میں بیشمار تجارت کے مواقع موجود ہیں گوجرانوالہ چیمبر کے نائب صدر عادل ندیم دوطرفہ تجارتی کو بڑھانے کیلئے نہایت مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ جاپان میں پاکستانی ایمبیسی وفد کی مکمل راہنمائی اور تعاون کرے گی۔

نائب صدر عادل ندیم نے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ جاپان کی بزنس کمیونٹی پاکستان خصوصاً گوجرانوالہ میں کوڑے سے بجلی بنانا، میڈیکل آلات، بائیوگیس، واٹر ٹریٹ منٹ پلانٹ ودیگر مصنوعات میں سرمایہ کاری میں خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ لہٰذا گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی جاپان کے ساتھ کاروبار کو وسعت دیکر معیشت کو مستحکم کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپان کے دورے کا مقصد ہی گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی کو کاروباری معلومات فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ دورہ کے دوران مزید کاروباری معلومات حاصل کر کے گوجرانوالہ کی بزنس کمیونٹی تک پہنچائی جائے گی تاکہ اس دورے کا مقصد پورا کیا جاسکے۔ پاکستانی سفیر رضا بشیر تارڑ نے گوجرانوالہ چیمبر کے نائب صدر عادل ندیم کی سربراہی میں آئے وفد کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانے کا اہتمام بھی کیا اور نائب صدر کی کاوشوں کو سراہا۔